(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

منشور عربی کتاب

اَلْقَطْرَةُ مِنْ بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِی وَالْعِتْرَةِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجتہ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظۃ

نام کتاب	....	مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)
مولف	....	آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ
مترجم	....	حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی
اہتمام	....	مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)
ناشر	....	ادارہ منہاج الصالحین لاہور
پروف ریڈنگ	....	غلام حیدر چودھری
ہدیہ	....	=/200 روپے

ساتھ تمسک کریں۔ ہماری دوستی اور ولایت پر اور اسی طرح ہمارے دشمنوں سے برائت اور بیزاری پر ثابت قدم رہیں گے وہ ہماری امامت کے ساتھ خوش اور ہم ان کے شیعہ ہونے کے ساتھ راضی ہیں۔ پس وہ خوش قسمت ہیں اور واقعۃً وہ خوش قسمت ہیں"

(کمال الدین ۲/۳۶۱ حدیث ۵، بحارالانوار:۵۱/۱۵۱ حدیث ۶)

شہید " حضرت امام صادقؑ" سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرت نے "قد قامت الصلوۃ" کے معنی میں فرمایا: اس سے مراد حضرت قائم علیہ السلام کا قیام ہے۔

(بحارالانوار:۵۱/۱۳۹)

نورانی مخلوق

(۶۰۵/۹۲) احمد بن محمد بن جوہری کتاب (مقتضب الاثر میں روایت کرتے ہیں کہ حضرت موسیٰؑ نے خدا کے ساتھ کلام کرتے وقت کوہ طور پر مشاہدہ کیا کہ اس پہاڑ کے درخت، جڑی بوٹیاں اور تمام پتھر حضرت محمدؐ اور ان کے بارہ جانشینوں کے ذکر میں مشغول ہیں۔ خدا سے عرض کی: اے پروردگار میں دیکھ رہا ہوں کہ تیری تمام مخلوق حضرت محمدؐ اور ان کے بارہ اوصیاء کے ذکر میں مشغول ہے۔ مجھے بتاؤ کہ تیرے نزدیک ان کا کیا مقام اور مرتبہ ہے؟ بارگاہ خداوندی سے خطاب ہوا۔

یاابن عمران! اِنّی خَلَقْتُھُمْ قبل خَلْقِ الْاَنْوَارِ وَجَعَلْتُھُمْ فِیْ خَزَانَةِ قُدْسِیْ یَرْتَعُوْنَ فِیْ رِیَاضِ مَشِیَّتِیْ، وَیَتَنَسَّمُوْنَ مِنْ رُوْحِ جَبَرُوْتِیْ، وَیَشَاھِدُوْنَ اَقْطَارَ مَلَکُوْتِیْ حَتّٰی اِذَا شَاءَتْ مَشِیَّتِیْ اَنْفَذْتُ قَضَائِیْ وَقَدَرِیْ

"اے عمران! کے بیٹے میں نے انہیں انوار کو خلق کرنے سے پہلے پیدا کیا، اپنے قدسی خزانے میں ان کو قرار دیا، اپنی مشیت کو بوستان میں ان کو نعمتوں سے سرشار کیا اور اپنے جبروت کی ہوا سے ان کو زندہ رکھا، تا کہ میری